یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز لاہور

پرائیویٹ سیکٹر میڈیکل اور ڈینٹل کالجوں کیلئے فیس ریفنڈ اور ٹرانسفر پالیسی

پنجاب کے پرائیویٹ سیکٹر میڈیکل اور ڈینٹل کالجوں اور ان میں داخل ہونے والے امیدواروں کی سہولت کیلئے کالج فیس واپسی (Refund) اور ٹرانسفر کی پالیسی واضح کی جا رہی ہے۔

(1) امیدواران کی کالج فیس واپسی (Refund) اور ٹرانسفر کے حوالے سے پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل کے قواعد وضوابط پر مکمل عمل درآمد کیا جائیگا۔

(2) وہ امیدوار جو پہلی سلیکشن لسٹ میں کسی بھی پرائیویٹ میڈیکل یا ڈینٹل کالج (ماسوائے عذرا ناہید میڈیکل کالج اور عذرا ناہید ڈینٹل کالج لاہور) داخل ہو چکے ہیں اور انھوں نے اپنے اپنے متعلقہ کالجز میں فیس جمع کروا کر جوائننگ دے دی ہے ایسے امیدواران کو دوسری یا اس کے بعد لگنے والی سلیکشن لسٹوں میں اپ گریڈیشن ہونے پر نئے کالج میں کسی بھی قسم کی فیس جمع کروانے کی قطعاً ضرورت نہیں۔ ایسے تمام امیدواران کی فیس ان کا پچھلا (Previous) کالج اس کالج کے اکاؤنٹ میں براہِ راست ٹرانسفر کرے گا جہاں اس امیدوار کی اپ گریڈیشن ہوئی ہے۔ ذہن نشین رہے کہ جتنی مرتبہ بھی کوئی امیدوار اپ گریڈ ہوگا یہی عمل دہرایا جائے گا۔

(3) جب داخلوں کا عمل مکمل ہو جائے گا اور تمام سلیکشن لسٹیں لگ جائیں گی تو امیدوار کی ذمہ داری ہوگی کہ جس بھی کالج میں اس کا داخلہ فائنل ہو گیا ہے وہ اس کالج کی بقایا فیس (اگر کوئی بقایا رقم نکلتی ہے تو) ادا کرے۔ اگر اس کالج کے ذمہ کوئی بقایا نکلے گا تو وہ کالج امیدوار کو ادا کرے گا۔

(4) پرائیویٹ میڈیکل کالج اپ گریڈیشن کی صورت میں امیدوار کی فیس متعلقہ کالج کو آن لائن ٹرانسفر کرے گا۔ کالج کسی بھی صورت میں امیدوار کو اس کا ہی دیا گیا ڈیمانڈ ڈرافٹ یا پے آرڈر کینسل کر کے اس کے حوالے نہیں کرے گا۔ یہ فیس صرف اور صرف اس کالج کو ٹرانسفر کی جائے گی جہاں امیدوار کی اپ گریڈیشن ہوئی ہے۔ فیس میں کسی بھی قسم کی کٹوتی نہیں کی جائے گی۔ اپ گریڈ ہونے والے امیدوار سے اس کا نیا کالج داخلوں کے اختتام تک کسی قسم کی فیس یا بقایا رقم کا مطالبہ بھی نہیں کرے گا۔

(5) وہ امیدوار جنھوں نے فیس جمع کروا کر کسی کالج میں داخلہ تو لے لیا لیکن وہ بعدازاں یہ داخلہ کینسل کروا کے اپنی فیس واپس لینا چاہتے ہیں وہ اس حوالے سے متعلقہ کالج میں درخواست دیں گے۔ کالج انتظامیہ درخواست کے سات (07) روز کے اندر اندر امیدوار کی تمام فیس بغیر کسی کٹوتی کے بذریعہ کراس چیک واپس کر دے گی۔ یہ سہولت 29 فروری 2024ء تک مہیا کی جائے گی۔ اس تاریخ کے بعد داخلہ کینسل کروانے پر امیدوار کی فیس میں سے پی ایم ڈی سی کی ایڈمیشن ریگولیشنز 2023ء کے سیکشن 9(7) کے مطابق حسب شرح (Pro-Rata) کٹوتی ہو گی۔

ایڈمیشن ٹیم

یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز، لاہور